باب 7

# کسور (Fractions)

## 7.1 تعارف (Introduction)




2 روٹیاں + آدھی روٹی – سبھاش

2 روٹیاں + آدھی روٹی – فریدہ

سبھاش نے چوتھی اور پانچویں کلاس میں کسر کے بارے میں پڑھا تھا لیکن وہ بہت زیادہ پراعتماد نہیں تھا، اس لیے جہاں تک ممکن ہوتا وہ کسر کا استعمال کرتا رہتا تھا۔ ایک بار وہ اسکول آتے وقت اپنا کھانا گھر ہی بھول آیا۔ اس کی دوست فریدہ نے اس کو اپنے ساتھ کھانا کھلایا۔ وہ پانچ روٹیاں لائی تھی۔ پہلے دونوں نے دو دو روٹیاں لے لیں۔ پھر فریدہ نے باقی بچی ایک روٹی کے دو برابر کے حصے کیے اور ایک حصہ یعنی آدھی روٹی سبھاش کو دے دی اور آدھی روٹی خود لے لی۔


اس طرح سبھاش اور فریدہ دونوں کو دو دو پوری روٹیاں اور ایک ایک آدھی روٹی ملی۔

آپ کو اپنی زندگی میں کسر کا استعمال کہاں کرنا پڑتا ہے؟



شکل 7.1

سبھاش کو یہ معلوم ہے کہ آدھے کو $\frac{1}{2}$ لکھتے ہیں۔ کھاتے کھاتے اس نے اپنی آدھی روٹی کو پھر دو برابر کے حصوں میں بانٹ لیا اور فریدہ سے پوچھا کہ یہ ٹکڑا پوری روٹی کا کتنا حصہ ہے؟



شکل 7.2

فریدہ نے جواب دیے بغیر اپنی آدھی روٹی کے بھی دو برابر برابر حصے کیے اور ان کو سبھاش کے حصوں کے ساتھ ملا کر رکھ دیا۔ اس نے کہا کہ یہ چاروں

© NCERT not to be republished